# OATH میں سمنز کا جواب دینا

## مرحلہ 1

## اپنی تاریخِ سماعت کو چیک کریں

اپنی تاریخِ سماعت کے لیے اپنے سمنز کا جائزہ لیں۔ اگر آپ کے پاس اپنے سمنز کی کوئی نقل موجود نہ ہو، تو سمنز کے تلاش کنندہ پر تلاش کریں یا سماعتوں کے ڈویژن کو 628-4692 (844) پر کال کریں۔



POLICE DEPARTMENT CITY OF NEW YORK

**SUMMONS TO APPEAR**
**FOR CIVIL PENALTIES ONLY**

SUMMONS NUMBER: 0000 000 000
ENFORCEMENT AGENCY: **Police Department**

Respondent Last Name | First | M.I.

Phone No | ☐ Cell ☐ Home | D.O.B. MM / DD / YY | Sex ☐ Male ☐ Female

Mailing Address

ID Number | ID Type

Race ☐ White ☐ Black ☐ Hisp. White ☐ Hisp. Black ☐ Am. Ind./Alaskan Native ☐ Asian/Pacific. Is.

Date of Occurrence MM / DD / YY | Time of Occurrence HH : MM ☐ AM ☐ PM

Place of Occurrence (☐ At ☐ In Front Of ☐ Opposite) | Precinct

**Include the summons number above on all communications**

HEARING DATE: MM / DD / YY AT: HH : MM ☐ AM ☐ PM

**You must respond by the above date.**
**See the BACK OF THIS SUMMONS to learn about your options.**

**WARNING:** If you do not respond, you may be found automatically responsible and you may owe larger penalties. If you do not pay any imposed penalties, you may lose your ability to keep or get a City license, permit or registration. The City might also take further legal action against you. See the back for more information.

**Hearing Location:** Office of Administrative Trials and Hearings (OATH)

Borough: ______ (See back for address) **(844) 628-4692** **www.nyc.gov/oath**

اپنی تاریخِ سماعت کو دوبارہ طے کرنے کے لیے، nyc.gov/oath/reschedule ملاحظہ کریں۔

## مرحلہ 2

## اپنے جواب کے طریقہ کار کے بارے میں فیصلہ کریں: اعتراف کر لینا اور ادائیگی کرنا، نجات حاصل کرنا یا سمجھوتہ کرنا، یا سماعت میں سمنز کی مخالفت کرنا

یہاں ادائیگی کریں

اگر آپ خلاف ورزی کا اعتراف کرنا اور جرمانہ ادا کرنا چاہتے ہیں، تو ویب سائٹ کا کلرک کا دفتر سیکشن ملاحظہ کریں۔

چند خلاف ورزیوں کے لیے، آپ اپنی سماعت سے قبل ہی خلاف ورزی سے نجات پانے کے اہل ہو سکتے ہیں یا اجراء کار ایجنسی کے ساتھ کسی سمجھوتے پر متفق ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کی نمائندگی نہیں کی گئی، تو Manhelpcenter@oath.nyc.gov یا 436-0845 (212) پر رابطہ کریں۔

## متنی پیغام کی یاددہانیوں کے لیے سائن اپ کریں اپنی تاریخِ سماعت سے متعلق

OATH

### سماعت کو دوبارہ کبھی نہ چھوڑیں!

451-8829 (917) پر "OATHReminder" کا ٹیکسٹ پیغام بھیج کر متنی پیغام کی یاددہانیوں کا انتخاب کریں۔

اس کے بعد آپ کو ان سمنز کا نمبر درج کرنے کا کہا جائے گا جن سمنز کی یاددہانیاں آپ کو درکار تھیں۔

پیغام اور ڈیٹا کی قیمتوں کا اطلاق ہو سکتا ہے۔

# OATH میں سمنز کا جواب دینا

## مرحلہ 3

### اپنی سماعت کی تیاری کرنا

الزامات اور اجراء کار افسر کی جانب سے تحریر کردہ نوٹس سمیت اپنے سمنز کا جائزہ لیں۔ اپنے ثبوت کی نقول تیار کروائیں اور اس ڈیجیٹل فارمیٹ (دستاویز کا اسکین یا اس کی فوٹوگراف) میں تبدیل کریں تاکہ فون پر سماعت کے دوران آپ انہیں افسر برائے سماعت کو ای میل کر سکیں۔

اگر آپ کی نمائندگی نہیں کی گئی، تو آپ اپنی سماعت سے قبل مفت بالمشافہ مشاورت کے لیے، Manhelpcenter@oath.nyc.gov یا 0845-436 (212) پر OATH ہیلپ سینٹر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

- چھوٹے کاروباروں کی معاونت کے لیے: Smallbizhelp@oath.nyc.gov
- سابقہ فوجی کی معاونت کے لیے: veteranshelp@oath.nyc.gov
- بزرگ شہریوں کی مدد کے لیے: seniorshelp@oath.nyc.gov

مدد

## مرحلہ 4

### اپنی تاریخِ سماعت پر یا اس سے قبل پیش ہوں

OATH سماعتوں کا انعقاد عموماً بذریعہ فون یا آن لائن تحریری دفاع جمع کروانے کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

**فون پر سماعتوں کے لیے،** اپنی تاریخِ سماعت پر OATH کی جانب سے موصول ہونے والی ای میل میں موجود فون نمبر پر کال کریں، جس کا آغاز آپ کے سمنز پر درج کردہ وقتِ سماعت سے لے کر دن 2:00 تک کسی بھی وقت ہو سکتا ہے۔

اپنی سماعت کا فون پر انعقاد کروانے کے لیے، آپ کو اپنی تاریخِ سماعت سے 3 دن قبل **لازماً** فون نمبر اور PIN کی درخواست کرنی چاہیئے۔ آپ www.nyc.gov/oathphone پر آن لائن اپنی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔

آپ کو اپنی سماعت سے قبل فون نمبر اور PIN پر مشتمل ای میل موصول ہو گی جسے آپ اپنی تاریخِ سماعت پر کال کرنے کے لیے استعمال کریں گے۔

اگر آپ کو اپنی سماعت سے ایک دن قبل اپنا PIN موصول نہیں ہوا، تو براہ کرم اپنے اسپام/جنک ای میل فولڈر کا جائزہ لیں۔ اگر آپ ابھی بھی PIN موصول نہیں کر پا رہے، تو براہ کرم ہیلپ سینٹر سے 0845-436 (212) پر رابطہ کریں یا Manhelpcenter@oath.nyc.gov پر ای میل بھیجیں۔

**بالمشافہ سماعتوں کے لیے،** آپ تاریخ سماعت سے قبل LiveHearings@oath.nyc.gov پر ای میل بھیج کر OATH کے دفتر میں بالمشافہ سماعت کی درخواست کر سکتے ہیں۔ بالمشافہ سماعت کی درخواست OATH کو طے کردہ سماعت سے کم از کم 3 کاروباری دن قبل لازماً ای میل کی جانی چاہیئے۔ دفتری پتہ جات اور عمل کاری کے اوقات یہاں دیکھے جا سکتے ہیں۔

**آن لائن تحریری یا بذریعہ میل جوابات کے لیے:** آپ کے سمنز میں درج کردہ خلاف ورزیوں کی بنیاد پر، آپ اپنا جواب آن لائن تحریر کر کے یا بذریعہ میل جمع کروانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ OATH ویب سائٹ پر آن لائن جمع کروانے کے عمل اور میل جمع کروانے کے عمل سے متعلق معلومات موجود ہے۔

**انتباہ: اگر اپنی تاریخِ سماعت پر یا اس سے قبل آپ کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوتا، تو آپ کو عدم تعمیل کے سلسلے میں خلاف ورزی کا مرتکب ٹھہرایا جائے گا اور آپ کو زیادہ بھاری جرمانوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ایسا ہونے کی صورت میں، آپ نئی سماعت کی درخواست کے اہل ہو سکتے ہیں۔ ویب سائٹ کے رہ جانے والی سماعتیں سیکشن میں ضروری فارمز اور نئی سماعت کی درخواست کے طریقہ کار سے متعلق مزید معلومات موجود ہوتی ہیں۔**

***چارج کی خلاف ورزی کی صورت میں سماعتی فیصلے کے مطابق یا عدم تعمیل کا جرمانہ ادا کرنے میں ناکامی کے نتیجے میں شہر کی انتظامیہ کی جانب سے قانونی کارروائی، عدالت میں آپ کے خلاف فیصلہ، اور/یا شہر کے لائسنس کی درخواستیں منسوخ سکتی ہیں۔***